سوال

(28) دروان نماز جسم کے کسی حصے سے خون نکل آنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وضو کرنے کے بعد دوران نماز اگر جسم کے کسی حصہ سے خون نکل آئے تو کیا وضو ٹوٹ جاتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، امام بخاری نے متعدد ایسے آثار نقل کئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وضو کے بعد اگر جسم کے کسی حصے سے خون نکل آتا ہے تو وضو برقرار رہتا ہے۔ اور اس سے نماز ادا کی جا سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:70